**AQF / Fazil**

**18-07-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................. اسعداللہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج بہار اور مغربی بنگال میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

☆ بھارت نے اُڈیشہ ساحل کے نزدیک چاندی پور میں ایٹمی صلاحیت کے کم دوری تک وار کرنے والے بیلسٹک میزائلوں پرتھوی دوئم اور اگنی ایک کی کامیاب آزمائش کی ہے۔

☆ بھارتی بحریہ آج وشاکھا پٹنم میں ملک میں ہی تیار کیے گئے اپنے پہلے **Diving Support** بحری جہاز **INS Nistar** کو پانی میں اُتارے گی۔

☆ امریکہ نے پہلگام حملے کیلئے ذمہ دار لشکر طیبہ کی ذیلی تنظیم **The Resistance Front** کو دہشت گرد تنظیم قرار دیا ہے۔

☆ پاکستان کے صوبۂ پنجاب میں بارش سے وابستہ واقعات میں کم از کم **63** افراد کی موت ہو گئی اور **290** زخمی ہوئے ہیں۔

☆ اور کُشتی میں، ہنگری میں ایک اہم درجہ بندی سیریز میں بھارت کے **Sujeet Kalkal** نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM-BIHAR**

وزیراعظم نریندر مودی آج بہار کا دورہ کریں گے۔ وزیراعظم مشرقی چمپارن ضلع کے موتیہاری میں **7** ہزار **200** کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے، سنگ بنیاد رکھیں اور ملک کے نام وقف کریں گے۔ اِن ترقیاتی پروجیکٹوں کا تعلق ریل، سڑک، دیہی ترقی، ماہی پروری، الیکٹرانک اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں سے ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Dharmendra Kumar**

*جناب مودی آج بہار میں، کئی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے، جس سے ریلویز، سڑکوں، سماجی اور معاشی*

ترقی، IT اور ماہی پروری سمیت مختلف شعبوں میں ترقی کی رفتار تیز ہو سکے گی۔ وزیر اعظم جدید طرز کی کم خرچ امرت بھارت ایکسپریس ٹرین سروس کا آغاز بھی کریں گے، جو روزانہ راجیدر نگر پٹنہ اور نئی دلّی کے درمیان چلا کرے گی۔ جناب مودی دیگر امرت بھارت ایکسپریس ریل گاڑیوں کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے، جو بہار، اتر پردیش اور مغربی بنگال کے بڑے شہروں کو باہم منسلک کریں گی۔ اِن میں دربھنگا سے گومتی نگر لکھنؤ، مالدہ ٹاؤن سے گومتی نگر اور باپو دھام موتیہاری سے آنند وِہار ٹرمنل تک کی خدمات شامل ہیں۔ وزیر اعظم دربھنگا اور پٹنہ میں نئے تعمیر کیے گئے سافٹ ویئر ٹکنالوجی پارک کا افتتاح بھی کریں گے۔ خواتین کی قیادت میں تبدیلی کے عہد کو تقویت پہنچاتے ہوئے جناب مودی دین دیال انتیودے قومی دیہی روزی روٹی مشن کے تحت اپنی مدد آپ کرنے والے 61 ہزار سے زیادہ گروپوں کو 400 کروڑ روپے سے زیادہ کی مالی امداد بھی فراہم کریں گے۔ پردھان منتری آواس یوجنا گرامین کے تحت جناب مودی 12 ہزار سے زیادہ مستفید ہونے والے افراد کے لیے گرہ پرویش تقریب میں شرکت کریں گے اور 40 ہزار سے زیادہ متعلقہ افراد کو براہِ راست فائدوں کی منتقلی اسکیم کے تحت 160 کروڑ روپے سے زیادہ تقسیم کریں گے۔

موتیہاری سے دھرمیندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............شمیم عرفان

**PM-WEST BENGAL**

وزیراعظم نریندر مودی آج دوپہر مغربی بنگال کے دُرگاپور میں پانچ ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے، افتتاح کریں گے اور ملک کے نام وقف کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V-C Kalyan

وزیراعظم نریندر مودی آج مغربی بنگال کے Bankura اور پُرولیا ضلع میں بھارت پیٹرولیم کارپوریشن لمیٹڈ کے شہر میں گیس تقسیم کرنے کے پروجیکٹ کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ یہ گھروں، کمرشیل اداروں اور صنعتوں کو PNG کنکشن فراہم کرے گا اور ریٹیل Outlets کے ذریعہ CNG دستیاب کرائی جائے گی اور اِس سے خطے میں روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ وزیراعظم دُرگاپور-کولکاتا پائپ لائن کے درگاپور-ہلدیہ قدرتی گیس پائپ لائن کے 132 کلو میٹر سیکشن کو ملک کے نام وقف بھی کریں گے۔ وہ پُرولیا میں پُرولیا-Kotshila ریل لائن کے 36 کلومیٹر حصے کو دُہرا کئے جانے کو بھی وقف کریں گے۔ اس سے ریل رابطے میں بہتری کی امید ہے۔ وزیراعظم سیتو Bharatam پروگرام کے تحت تعمیر کئے گئے سڑک کے اوپر دو پلوں کا بھی افتتاح کریں گے۔ اس سے کنکٹی وِٹی میں بہتری

آ جائے گی اور ریلوے کراسنگ پر حادثات کی روک تھام کی جا سکے گی۔
کولکاتا سے کلیان Laha کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

## DEFENCE MISSILES

بھارت نے، ایٹمی صلاحیت کے کم دوری تک وار کرنے والے بیلسٹک میزائلوں پرتھوی دوئم اور اگنی-ایک کی کامیاب آزمائش کی ہے۔ یہ تجربہ اُڈیشہ ساحل کے نزدیک چاندی پور میں مربوط تجرباتی مقام پر کیا گیا۔ اس سے اِن میزائلوں کی کلیدی مزاحم صلاحیت کی عکاسی ہوتی ہے۔ وزارتِ دفاع کے مطابق اِن میزائلوں کی آزمائش اسٹریٹیجک فورسز کمان نے انجام دی اور اس سے اس کے کام کرنے اور دیگر تکنیکی پیمانے صحیح ثابت ہوئے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V/C - Chirag

پرتھوی دوئم میزائل تقریباً ساڑھے 300 کلو میٹر کی دوری تک وار کر سکتا ہے اور یہ 500 کلو گرام تک کے Payload لے جانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ یہ میزائل روایتی اور ایٹمی دونوں طرح کے ہتھیار لے جا سکتا ہے۔ اِدھر اگنی-ایک میزائل 700 سے لے کر 900 کلو میٹر کی دوری تک وار کر سکتا ہے اور یہ ایک ہزار کلو گرام تک کے ہتھیار لے جانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ پرتھوی دوئم اور اگنی-ایک دونوں میزائل بھارت کے ایٹمی مزاحم نظام کا اٹوٹ حصہ رہے ہیں۔ اس سے پہلے بدھ کے روز بھارت نے لداخ میں، ملک میں ہی تیار کیے گئے آکاش پرائم میزائل کی کامیاب آزمائش کی تھی، جو ساڑھے چار ہزار میٹر کی بلندی پر وار کرنے کیلئے تیار کیا گیا ہے۔ آکاش میزائل کی آزمائش پر وزارت نے کہا ہے کہ یہ خاص اہمیت کا حامل ہے کیونکہ یہ آپریشن سِندور کے دوران بھارت کے ملک میں ہی تیار کیے گئے فضائی دفاعی نظام کی شاندار کارکردگی کے تناظر میں کی گئی ہے۔ آکاش پرائم میزائل بھارتی فوج کیلئے تیار کیے گئے آکاش اسلحہ نظام کی ایک جدید شکل ہے۔ لداخ میں میزائل کی آزمائش اہمیت کی حامل ہے کیونکہ یہ حقیقی کنٹرول لائن کے نزدیک واقع ہے۔ دفاع کے وزیر راجناتھ سنگھ نے اس اہم کامیابی کے لیے بھارتی فوج، دفاعی تحقیق اور ترقی کی تنظیم DRDO اور متعلقہ صنعت کو مبارکباد دی ہے۔

دلّی سے چراغ جھا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.................شمیم عرفان

## INS-NISTAR

بھارتی بحریہ آج وشاکھا پٹنم میں ملک میں ہی تیار کیے گئے اپنے پہلے Diving Support بحری جہاز INS

Nistar کو پانی میں اُتارے گی۔ Nistar نام سنسکرت زبان سے لیا گیا ہے اور اس کا مطلب بچانا، نجات دلانا یا چھڑانا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V/C - Sanyukta

*INS Nistar کو وشاکھا پٹنم میں ہندوستان شپ یارڈ لمیٹڈ نے بنایا ہے اور اس کا ڈیزائن بھی اُسی نے تیار کیا تھا۔ یہ بحری جہاز دفاعی سامان تیار کرنے میں آتم نربھرتا یعنی خود کفالت میں بھارت کی کوشش میں ایک بڑے قدم کی عکاسی کرتا ہے۔ اس کی تیاری میں 120 ایم ایس ایم ای اداروں نے اہم رول ادا کیا ہے اور اس میں 80 فیصد سے زیادہ ساز و سامان ملکی وسائل سے حاصل کیا گیا ہے۔ یہ بحری جہاز تکنیکی اعتبار سے جدید طرز کے پلیٹ فارمس تیار کرنے کی بھارت کی صلاحیت کی بھی عکاسی کرتا ہے، جو عالمی معیارات کے عین مطابق ہیں۔ INS Nistar تقریباً 120 میٹر لمبا اور 20 میٹر چوڑا ہے۔ یہ بحری جہاز گہرے سمندر میں غوطہ خوری کی کارروائی اور مشکل میں گھری ہوئی آبدوزوں کیلئے بچاؤ مشن میں اہم رول ادا کرے گا۔*

*دلّی سے خبرنامے کیلئے میں ............ارجمند علی خان*

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**NADDA-HEALTH**

صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈا نے کہا ہے کہ حکومت ایک زیادہ صحت مند بھارت کیلئے روک تھام، فروغ اور علاج پر مبنی صحت خدمات فراہم کرنے کیلئے مجموعی طریقہ کار کے ساتھ کام کررہی ہے۔ نئی دلّی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب نڈا نے کہا کہ حکومت نے ایک لاکھ 77 ہزار آیوشمان آروگیہ مندر قائم کئے ہیں، جو کسی بھی شخص کیلئے صحتی ادارے کے ساتھ پہلا رابطہ ہیں۔ انہوں نے مطلع کیا کہ یہ نہ صرف شہروں میں کام کررہے ہیں بلکہ ملک کے دور دراز علاقوں میں بھی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ سبھی آیوشمان آروگیہ مندر Teleconsultancy سہولتوں سے بھی لیس ہیں۔ S/B JP Nadda

**AMARNATH YATRA**

جموں وکشمیر میں شری امرناتھ جی یاترا کل کشمیر اور جموں دونوں ڈویژنوں کے زیادہ تر علاقوں میں خراب موسم کے سبب عارضی طور پر روکے جانے کے بعد آج پھر شروع ہوگئی ہے۔ سرکاری ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ موسم میں بہتری کے پیش نظر

حکام نے آج صبح سویرے بھگوتی نگر بنیادی پڑاؤ سے یاتریوں کے 17 ویں جتھے کو جانے کی اجازت دی۔ ساڑھے نو ہزار سے زیادہ یاتری 335 گاڑیوں میں روانہ ہوئے، جن میں مرد، خواتین، بچے، سادھو اور سادھویاں شامل ہیں۔

بال تل اور پہلگام کے راستوں پر مسلسل شدید بارش کے سبب کل یاترا کو عارضی طور پر روک دیا گیا تھا، لیکن بعد میں دوپہر میں موسم بہتر ہونے اور بارڈر روڈ آرگنائزیشن کی جانب سے یاترا کے دونوں راستوں پر مرمت کا کام مکمل ہونے کے بعد دو ہزار سے زیادہ یاتریوں کو پوتر گپھا کے درشن کرنے کی اجازت دے دی گئی۔ اب تک پچھلے 15 روز کے دوران تقریباً 2 لاکھ 56 ہزار عقیدتمندوں نے پوتر گپھا کے درشن کرلئے ہیں۔ 38 روزہ یاترا، اِس ماہ کی 3 تاریخ کو شروع ہوئی تھی اور 9 اگست کو رکشا بندھن کے موقع پر اختتام پذیر ہوگی۔×

## US-TRF

امریکی محکمۂ خارجہ نے 22 اپریل کے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے لیے ذمہ دار گروپ The Resistance Front (TRF) کو دہشت گرد تنظیم کے زمرے میں رکھا ہے۔ ایک بیان میں امریکہ کے وزیر خارجہ Marco Rubio نے کہا کہ ٹرمپ انتظامیہ نے TRF کو ایک غیر ملکی دہشت گرد تنظیم اور خاص طور پر نامزد کیا گیا عالمی دہشت گرد گروپ قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس قدم سے قومی سلامتی کے مفادات کا تحفظ کرنے اور دہشت گردی سے نمٹنے کے ٹرمپ انتظامیہ کے عہد کی عکاسی ہوتی ہے نیز پہلگام حملے کے لیے ذمہ دار لوگوں کے خلاف کارروائی کرنے کی صدر ٹرمپ کی اپیل کو عملی شکل دینے کا اظہار ہوتا ہے۔

لشکر طیبہ کی ذیلی تنظیم TRF نے 22 اپریل کے پہلگام دہشت گردانہ حملے کی ذمہ داری لی تھی۔ اس واقعے میں 26 عام شہریوں کی موت ہو گئی تھی۔ اس کے علاوہ TRF نے بھارت کے سیکیورٹی فورسز کے خلاف کئی حملوں کی ذمہ داری بھی قبول کی ہے۔ اس سے قبل منگل کے روز وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے دہشت گردی کے خلاف سخت اور ٹھوس موقف اختیار کیے جانے کی اہمیت پر زور دیا تھا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے چین میں شنگھائی تعاون تنظیم SCO کے وزراء خارجہ کی میٹنگ میں اظہار خیال کرتے ہوئے دہشت گردی، علیحدگی پسندی اور انتہاء پسندی کی لعنت کو اُجاگر کیا۔

**S/B - 0815 - Jaishankar SCO**

## PAKISTAN-RAIN

پاکستان میں، گزشتہ 48 گھنٹے میں پنجاب صوبے میں بارش سے وابستہ واقعات میں کم از کم 63 افراد ہلاک اور 290 زخمی ہوگئے ہیں۔ قدرتی آفات کے بندوبست سے متعلق قومی اتھارٹی کے مطابق ہلاک ہونے والے زیادہ تر افراد عمارتوں کے ڈھنے پر اُن کے نیچے دب گئے، جبکہ بقیہ یا تو ڈوب گئے یا وہ کرنٹ کی زَد میں آ گئے۔ راولپنڈی میں عہدیداران نے طغیانی

پر آئے دریا کے نزدیک رہ رہے لوگوں کو محفوظ مقام پر چلے جانے کو کہا ہے۔ سیلاب کی وجہ سے پنجاب بھر میں مختلف ایکسپریس وِے بند ہیں اور درجنوں پروازیں یا تو منسوخ ہوگئی ہیں یا اُن میں تاخیر ہوئی ہے۔ پنجاب کی وزیراعلیٰ مریم نواز نے کہا ہے کہ کئی علاقوں میں ہنگامی صورتحال کا اعلان کردیا گیا ہے۔×

**EC-BIHAR SIR**

انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ بہار میں ووٹر فہرستوں پر خصوصی تفصیلی نظرِ ثانی پہل کے تحت اب تک ذاتی معلومات سے متعلق 7 کروڑ 8 لاکھ فارم جمع کرائے گئے ہیں۔کمیشن نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اس کام کیلئے اب صرف 8 دن باقی رہ گئے ہیں اور موجودہ رائے دہندگان میں سے نواسی اعشاریہ 7 فیصد رائے دہنگان نے، ووٹر فہرستوں میں اپنا نام شامل کرانے کے لیے متعلقہ فارم جمع کرائے ہیں۔ ووٹر فہرستوں کا یہ مسودہ اگلے مہینے کی پہلی تاریخ کو شائع کیا جائے گا۔

انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ کوئی بھی ووٹر ذاتی معلومات سے متعلق اپنے فارم کے تعلق سے جانکاری کمیشن کی ویب سائٹ یا ECI Net App پر حاصل کر سکتا ہے۔ اس سلسلے میں بہار کے سبھی 261 شہری بلدیاتی اداروں کے تمام 5 ہزار 683 وارڈز میں خصوصی کیمپ بھی لگائے جا رہے ہیں۔ انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ جو لوگ عارضی طور پر بہار سے باہر چلے گئے ہیں، وہ بھی کمیشن کی ویب سائٹ یا ECI Net App کے ذریعے اپنے موبائل فون کا استعمال کرتے ہوئے ذاتی معلومات سے متعلق فارم آن لائن بھیج سکتے ہیں۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج راجستھان اور جنوبی اندرونی کرناٹک میں بہت شدید سے بہت زیادہ شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے آج ساحلی کرناٹک، کیرالہ، ماہے، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، مغربی مدھیہ پردیش اور مغربی اترپردیش میں بھی شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ اسی طرح کی صورتحال آندھراپردیش، تلنگانہ، مشرقی مدھیہ پردیش، مشرقی اترپردیش، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں بھی رہنے کی امید ہے۔ دلّی اور NCR میں IMD نے آج مطلع ابر آلود رہنے اور ہلکی بارش کی پیشگوئی کی ہے۔×

**ED BAGHEL CHHATTISGARH**

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ آج رائے پور میں شراب گھپلے کے سلسلے میں Chaitnya Baghel کے احاطے میں چھاپے کی کارروائی انجام دے رہی ہے، جو چھتیس گڑھ کے سابق وزیر اعلیٰ بھوپیش بگھیل کے بیٹے ہیں۔×

**KERALA-RAIN**

بھارتی موسمیات محکمے نے شدید بارش کے امکان کے ساتھ آج کیرالہ کے کاسرگوڑ، کنّور اور وائیناڈ اضلاع کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اِن تین اضلاع میں آج تعلیمی اداروں کیلئے چھٹی کا اعلان کردیا گیا ہے۔ ملّپ پورم، پالکّڑ اور Thrissur میں آج اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ IMD نے 40 سے 50 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہواؤں کیلئے خبردار کیا ہے، جو کیرالہ میں 21 جولائی تک جاری رہے گی۔ ماہی گیروں کو محتاط رہنے کیلئے بھی وارننگ جاری کی گئی ہے۔×

**WRESTLING**

کُشتی میں ہنگری کے Budapest میں ہورہے ایک اہم یادگاری ٹورنامنٹ میں بھارت کے Sujeet Kalkal نے مردوں کے 65 کلوگرام فری اسٹائل زُمرے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ فائنل مقابلے میں سُجیت نے آذربائیجان کے چار مرتبہ کے یوروپین میڈل یافتہ کھلاڑی علی رحیم زادے کو پانچ-ایک سے شکست دی۔

اِس جیت کے ساتھ ہی 2025 میں متحدہ عالمی کُشتی درجہ بندی سیریز مقابلوں میں ملک نے سونے کا پہلا تمغہ جیتا ہے۔ بھارت نے مردوں کے 57 کلوگرام فری اسٹائل زمرے میں بھی کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ اس کے تحت مقابلے میں بھارت کے راہل نے جرمنی کے کُشتی کے کھلاڑی چار-صفر سے ہرایا۔×

**CRICKET-INDIA ASSISTANT COACH**

بھارتی کرکٹ ٹیم کے اسسٹنٹ کوچ Ryan Ten Doeschate نے اشارہ دیا ہے کہ تیز گیندباز جسپریت بمرا کے مانچسٹر میں چوتھے ٹیسٹ میچ میں کھیلنے کا امکان ہے۔ ایک پریس کانفرنس میں انہوں نے کہا کہ آخری فیصلہ میچ سے کچھ پہلے ہی کیا جائے گا، لیکن اس بات کو تسلیم کیا کہ چونکہ سیریز اہم مقام پر ہے، لہذا ٹیم بمرا کو کھیلنے والے 11 کھلاڑیوں میں شامل کرنا چاہتی ہے۔

اَرش دیپ سنگھ، جنہیں ہاتھ میں چوٹ آئی ہے، اُن کے بارے میں Ten Doeschate نے کہا کہ اُس کی نوعیت ابھی غیر واضح ہے۔ بھارت کو نائب کپتان رِشبھ پنت کے معاملے میں بھی غیر یقینی صورتحال کا سامنا ہے، کیونکہ پچھلے ٹیسٹ میچ میں وکٹ کیپنگ کے دوران ان کے بائیں ہاتھ کی اُنگلی میں چوٹ آ گئی تھی۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... ارجمندعلی خان

شکریہ - اسعداللہ

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا، پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس سمیت آج کے اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کے بہار اور بنگال کے دورہ کو صفحہ اول پر شائع کرتے ہوئے لکھا ہے کہ وزیراعظم بہار کے موتیہاری میں 7 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے، جبکہ مغربی بنگال میں بھی جناب مودی 5 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے پروجیکٹوں کو قوم کے نام وقف کریں گے۔

'سرکار بھارتی نرس نمیشا پریہ معاملے میں ہر ممکن مدد کیلئے تیار' وزارت خارجہ کے اس بیان کو روزنامہ پرتاپ نے جلی سرخیوں کے ساتھ جگہ دی ہے۔ سووچھ بھارت مہم کے نویں ایڈیشن کے تحت اندور نے مسلسل آٹھویں بار بھارت کے سب سے زیادہ صاف ستھرا شہر ہونے کا اپنا خطاب برقرار رکھا ہے، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ایوارڈ سے کیا سرفراز۔ اس خبر کو سبھی اخباروں نے نمایاں کیا ہے۔ اس کے علاوہ آج کے اخباروں نے جسٹس سچدیوا کو مدھیہ پردیش ہائی کورٹ کا چیف جسٹس بنائے جانے اور شمالی بھارت کی کئی ریاستوں میں شدید بارش کی خبر کو بھی اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں کچھ اس طرح ہیں:

☆ شام کے صدر احمد الشرع کا دروز قبائل کو تحفظ فراہم کرنے کا وعدہ، جنگ بندی پر اتفاق۔

☆ عراق کے شاپنگ مال میں آتشزدگی، 60 افراد ہلاک۔

☆ بحرین کا امریکہ میں 17 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کا اعلان۔×

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج بہار اور مغربی بنگال میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

☆ بھارت نے اُڈیشہ ساحل کے نزدیک چاندی پور میں ایٹمی صلاحیت کے کم دوری تک وار کرنے والے بیلسٹک میزائلوں پرتھوی دوئم اور اگنی ایک کی کامیاب آزمائش کی ہے۔

☆ بھارتی بحریہ آج وشاکھا پٹنم میں ملک میں ہی تیار کیے گئے اپنے پہلے Diving Support بحری جہاز INS Nistar کو پانی میں اُتارے گی۔

☆ امریکہ نے پہلگام حملے کیلئے ذمہ دار لشکر طیبہ کی ذیلی تنظیم The Resistance Front کو دہشت گرد تنظیم قرار دیا ہے۔

☆ پاکستان کے، صوبۂ پنجاب میں بارش سے وابستہ واقعات میں کم از کم 63 افراد کی موت ہو گئی اور 290 زخمی ہوئے ہیں۔

☆ اور، کُشتی میں، ہنگری میں ایک اہم درجہ بندی سیریز میں بھارت کے Sujeet Kalkal نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---